بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

محدث دہلی

نمبر ۱۰	ماہ فروری ۱۹۳۷ء مطابق ماہ ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ	جلد ۴

تعلیمی سال کا آغاز اور اسکی مبارک تمہیدیں

(از مولوی عبید اللہ صاحب ٹونکی مدرس مدرسہ رحمانیہ دہلی)

(الف) خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ مدرسہ کی سولہویں بہار بخیر وخوبی گذر گئی اساتذہ وطلبار مدرسہ تقریبًا دو ماہ کی سالانہ تعطیل مناکر گھروں سے واپس آگئے ہیں اور تازہ دم ہوکر ۲؍ شوال ۱۳۵۵ھ سے اپنے اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی میں مصروف ہوگئے ہیں۔ خدا ان کی آرزوئیں برلائے اور مہتمم صاحب مدظلہ کے دلی مقاصد پورے ہوں۔ آمین

(ب) مدرسہ میں باقاعدہ امتحانات داخلہ ۸؍ شوال سے شروع ہوگئے تھے۔ چنانچہ ابتک متعدد جدید طلبا مختلف اطراف سے امتحان میں پاس ہونے کے بعد حسب استعداد جماعتوں میں داخل کئے جاچکے ہیں اور جو مدرسہ کے معیار داخلہ پر پورے نہیں اتر سکے ان کو واپس کردیا گیا ہے۔

(ج) انجمن جمعیۃ الخطابہ کا ابھی انتخابی جلسہ بتاریخ ۲۳؍ شوال بروز جمعرات منعقد ہوا۔ جس میں ہر دو شعبوں کے صدر وسکرٹری منصرم وغیرہ عہدے داروں کے انتخابات عمل میں آئے اور حسب دستور ہر ہفتہ اردو عربی تقریروں کی مشق بحمد اللہ جاری ہے۔

(د) اس سال مہتمم صاحب مدظلہ العالی بہ نسبت اور سالوں کے عربی تقریر اور بول چال پر طلبار کی توجہ زیادہ مبذول کرا رہے ہیں اسلئے امید کی جاتی ہے کہ امسال عربیت میں نمایاں حیثیت رکھنے ولے طلبار کی ہمت افزائی مہتمم صاحب اپنی دیرینہ اور مسلمہ سخاوت کے ذریعہ معقول انعامات دیکر کرینگے۔ "فطوبیٰ لطلبۃ الرحمانیہ"

(ہ) ابھی مدرسہ میں تعلیم کو شروع ہوکر چھ روز ہی ہوئے تھے کہ مہتمم صاحب کو خبر ملی کہ مصر سے علمار جامع ازہر کا وفد (جو چار